اکتوبر 2024ء میں کاشتکاروں کے لئے زرعی موسمیاتی مشورے

ماہ ستمبر کے دوران ملک کے زیادہ تر علاقوں میں معمول سے کم بارشیں ہوئیں۔اکتوبر کے دوران درجہ حرارت بتدریج کم ہوتے جاتے ہیں۔اس مہینے کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں معمول کے قریب بارشیں متوقع ہیں۔تاہم گلگت بلتستان آزاد جموں کشمیراور خیبر پختونخواہ کے ملحقہ علاقوں میں معمول سے قدرے کم بارش کاامکان ہے۔
فصل ربیع کی کاشت کاآغاز عموماًوسط اکتوبر سے ہو جاتاہے۔اس لئے متوقع بارشیں اس فصل کے لئے فائدہ مند ثابت ہوں گی۔

اکتوبر کے دوران کسانوں سے مندرجہ ذیل گزارشات ملحوظ خاطر رکھنے کی گزارش ہے۔

ا۔ملک کے بیشتر علاقوں میں فصل خریف کی کٹائی جاری ہےاور زیریں میدانوں میں یہ عمل تقریباًمکمل ہوچکاہے۔اس کے علاوہ ماہ اکتوبر میں گندم، چنا، کینولہ کی فصلوں کی بوائی کا آغاز بھی ہو جاتاہے۔گندم اس موسم کی اہم ترین فصل ہے۔بہترین پیداوار حاصل کرنے کیلئے ضروری ہے کہ گندم کی کاشت نومبر کے وسط تک ہر صورت مکمل کرلی جائے تاکہ اچھی پیداوار کیلئے فصل کو پورا وقت مل سکے۔
۲۔بارانی علاقوں کے کسان موجودہ وتّر کواستعمال کرتے ہوئے بہترین پیداوار حاصل کر سکتے ہیں۔حالیہ کٹائی/گہائی کے بعد خالی زمینوں میں گہرا ہل چلانے کے بعد سہاگہ دے دیا جائے تاکہ زمین میں موجود نمی محفوظ رہے۔بارش کے انتظار میں فصل کاشت کرنے میں ہر گز دیر نہ کریں۔کیونکہ ابھی زمین میں نمی موجود ہے جو کہ اچھی اگاﺅئی کاموجب بن سکتی ہے۔ایسے بارانی علاقوں میں جہاں زمین میں مناسب حد تک نمی نہیں اور بارش کا بھی امکان نہ ہو ضروری ہے کہ گندم کے بیج کو بوائی کہ لئے محکمہ زراعت کے مشورے پر عمل کریں۔
۳۔کسان اگر بروقت جڑی بوٹیوں کاتدارک پانی اور کھاد کاتناسب مناسب رکھیں تو باغات کے ساتھ گندم اور ربیع کی دوسری فصل زیادہ پیداوار کے لئے ساتھ اگائے جاسکتی ہیں۔
۴۔ دھان کی فصل اس وقت پیداوار کے آخری مراحل میں ہے جب چاول کی فصل کو پانی کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔اس طرح سے بچائے گئے پانی کو آنیوالی فصل کیلئے استعمال کر کے بہتر پیداوار حاصل کی جاسکتی ہے۔

❖ **کسان حضرات موسمی حالات سے متعلق مزید معلومات کیلئے محکمہ موسمیات کے قریبی دفتر سے رابطہ کیا جائے۔**

1- نیشنل ایگرومیٹ سنیٹر پی۔او۔بکس نمبر 1214، سیکٹر ایچ ایٹ ٹو،اسلام آباد۔فون نمبر: 051-9250299
2۔ نیشنل فورکاسٹنگ سنیٹر برائے زراعت، پی۔او۔بکس،1214، سیکٹر ایچ ایٹٹو،اسلاآباد۔فون نمبر:-4- 051-9250363
3۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، نزد بارانی یونیورسٹی، مری روڈ، راولپنڈی۔فون نمبر: 051-9292149
4- ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر،ایوب ریسرچ انسٹیٹیوٹ، جھنگ روڈ، فیصل آباد۔فون نمبر: 041-9201803
5۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر،ایگریکلچرریسرچ انسٹیٹیوٹ، ٹنڈوجام۔فون نمبر: 022-9250558
6۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر،ایگریکلچرریسرچ انسٹیٹیوٹ، سریاب روڈ، کوئٹہ۔فون نمبر: 081-9211211

تفصیلی موسمی معلومات کیلئے محکمہ موسمیات کی ویب سائٹ www.pmd.gov.pk ملاحظہ فرمائیں۔